# نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات

## آفیشل ریسیورز آفس

آفیشل ریسیورز آفس (ORO) کئی قانونی فرائض سر انجام دیتا ہے جو کہ ہانگ کانگ سپیشل ایڈمنسٹریٹو ریجن میں نادہندگی سے متعلقہ ہیں۔ ہم عامۃ الناس کو نسل اور نسلی تعلق سے قطع نظر ایک واضح اور قابل مواخذہ طریقے پر مبنی مستعد نادہندگی سروس فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

| متعلقہ خدمات | موجودہ اقدامات |
| --- | --- |
| | • ORO ایسے اقدامات کا اہتمام کرتا ہے جو کہ مختلف النسل افراد کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ متعلقہ نادہندگی سروس تک مساویانہ رسائی حاصل کریں۔ |
| | <u>ترجمانی سروس</u> |
| | • ORO چینی اور/یا انگریزی کو اپنی سروسز کی فراہمی میں استعمال میں لاتا ہے۔ |
| | • ORO ترجمانی کی سروس کا انتظام کرے گا جب مختلف النسل افراد کو ہانگ کانگ کرسچن سروس نسلی اقلیتی مرکز (سی ایچ ای آر) کے ذریعے نادہندگی سروس فراہم کرنے کو ضروری اور مناسب تصور کیا گیا جو کہ آٹھ زبانوں، جن کے نام بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تگالوگ، تھائی اور ویت نامی ہیں، میں ٹیلیفون ترجمانی سروس فراہم کرتی ہے یا کسی اور سروس فراہم کنندہ کے ذریعے جیجس طرح کہ کہ مناسب تصور کیا گیا۔ |
| | <u>نوٹس بمتعلق "مختلف النسل افرد کے لیے استفسار اور ترجمانی کی سروس"</u> |
| | • مزید یہ کہ، مختلف النسل افراد کو مذکورہ نوٹس کی ایک نقل تب فراہم کی جائے گا جب وہ استفسارات / خدمات کی غرض سے تشریف لائیں گے۔ |
| | <u>عملہ کی تربیت</u> |
| | • ORO نسلی امتیاز کے آرڈیننس (باب 602) اور متعلقہ رہنما ہدایات، نسلی حساسیت اور ثقافتی تنوع سے متعلق کورسز میں شرکت کے لیے |

اپنے عملہ کے لیے تربیتی کورسز کا انتظام کرنا جاری رکھے گا جس کا بندوبست سول سروس کالج، ایکوئل اوپرچیونٹیز کمیشن یا متعلقہ ادارے کرتے ہیں۔

ڈیٹا کی جمع آوری

- مسلسل جائزے اور پبلک سروس کی ڈیلیوری میں بہتری کے لیے، زبان کی سروسز اور سروسز کی اقسام کی فراہمی کے متعلق استفسارات/شکایات کی نسبت سے نسل سے متعلقہ ڈیٹا کی جمع آوری کی جاتی ہے تاکہ باقاعدہ بنیادوں پر شماریاتی ریٹرنز کو مرتب کرنے میں سہولت حاصل ہو پائے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- ORO ڈیٹا کی جمع آوری کے انتظام کے باقاعدہ جائزہ کے انعقاد، اور مختلف نسلوں کے افراد کو اپنی سروسز کی فراہمی جاری رکھے گا۔ علاوہ ازیں، اپنے عملہ سے رائے اور مشوروں کی جمع آوری کی جائے گی اور انہیں سروس میں بہتری کے لیے پیش نظر رکھا جائے گا جیسا کہ موزوں تصور کیا گیا۔

اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں

- ORO نوجوان NECs کو کام کا تجربہ حاصل کرنے اور ملازمت کی تلاش میں اپنی مسابقت کو مضبوط بنانے کے لیے سول سروس بیورو کے زیر اہتمام غیر نسلی چینی (NEC) یونیورسٹی کے طلباء کے لیے انٹرنشپ پروگرام میں شرکت کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ مسابقتی جذبے کو مستحکم بنانے کے حوالے سے فعال بنایا جائے۔

نسلی ترویج کے لیے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے، براہ مہربانی ڈپٹی ڈیپارٹمینٹل سیکرٹری (ایڈمنسٹریشن) سے ذرج ذیل چینلز کے ذریعے رابطہ قائم کریں:


| | | |
|---|---|---|
| نام | : | Mr. Ernest LAM |
| ٹیلیفون نمبر | : | 2867 2446 |
| فیکس نمبر | : | 3105 1814 |
| ای میل | : | oroadmin@oro.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 10/F, High Block,<br>Queensway Government Offices,<br>66 Queensway, Hong Kong |


آفیشل ریسیورز آفس
جون2025